سوال

(55)آگ پر پکی ہوئی چیز کھا کر وضو کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آگ پر پکی ہوئی چیز (بلواسطہ یا بلاواسطہ) کے استعمال کے بعد وضوء کرنا ہوگا یا نہیں۔ نبی اکرم ﷺ کا آخری فرمان یا عمل کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تَوَضَّؤُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ میں امر ندب پر محمول ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے بسا اوقات مَا مَسَّتِ النَّارُ کھانے پینے سے وضوء نہیں کیا جیسا کہ بخاری و مسلم کی احادیث میں مذکور ہے لہٰذا مَسَّت النَّارُ کھانے پینے کی وجہ سے وضوء کرلینا افضل ہے۔ «تَوَضَّؤُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ» (ابوداود۔ کتاب الطہارۃ باب التشدید فی ذلک)

''آگ سے پکی ہوئی چیزوں سے وضوء کرو'' کے منسوخ ہونے والی بات پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

طہارت کے مسائل ج1ص91

محدث فتویٰ